Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۹ شوال سنہ ۱۳۴۵ھ مطابق ۲ مئی سنہ ۱۹۲۷ء	نمبر ۱۸

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء

ضمنی رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت دس یوم علاؤالدین احمد خانصاحب اے ڈی سی ۔ از ۱۰ اپریل سنہ حال براے شرکت عقد بھانجہ شان الیہ بمقام میرٹھ ۔

حکم

دس یوم کی رخصت منظور ہے ۔ ایک نقل اس حکم کی صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے

پاس اور ایک نقل صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۶ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری رخصت بلا رعایتی دو ماہ منشی شیر زمان خانصاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بوجہ ضعف بصارت چشم بانتظام سابقہ بسلسلہ سابقہ۔

حکم

رخصت دو ماہ بانتظام موجودہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء واپس ہوں
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم احکام منظوری رخصت دو ماہ جاری ہوں۔ ایک نقل صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے اجلاس میں بھی جائے۔
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

شیر محمد خان ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول کی تنخواہ موجودہ میں بموجب رپورٹ پانچ روپیہ کا اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — سیر سانہ

جناب عالی

شیر محمد خان ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول کو پچیس روپیہ تنخواہ پر امتحاناً ہیڈ ماسٹر مقرر کیا گیا تھا۔ پہلے مڈل اسکول کی حالت بہت خراب تھی طلبا کی تعداد ۸۴ ۸۵ رہتی تھی۔ نتائج امتحان بھی اچھے نہ تھے۔ اب تعداد طلبا ۲۲۸ ہے اور اگرچہ ابھی اعلےٰ درجات کی حالت اس وجہ سے کہ طلبا پہلے سے کمزور چلے آرہے تھے۔ بہت بہتر نہیں ہے۔ لیکن بہ نسبت سابق کے عام طور پر مدرسہ اچھی حالت میں ہے۔ اور ہیڈ ماسٹر بہت محنت سے کام کرتے ہیں۔ بدانست مرتنخواہ شیر محمد خان باضافہ پانچ روپیہ ماہوار تیس روپیہ ماہوار پر عہدہ ہیڈ ماسٹری

مڈل اسکول پر مستقل کئے مستحق ہیں لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

رخصت

۱۳ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تجارت بابت منظوری رخصت یکماہ سید ظہیر الحسن انسپکٹر مویشیخانہ جات من ابتداء ۱۵ اپریل لغایت ۱۵ مئی سنہ ۱۹۲۶ء بوضع تنخواہ بغرض روانگی وطن۔

حکم

رخصت یکماہ بوضع تنخواہ منظور ہے۔ کاغذ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بموجب رپورٹ ۔ ٹریننگ ٹیچر کی ماموری معائنہ مدارس مفصلات میں ایک سال کی توسیع بسلسلۂ سابقہ منظور ہے۔ دس روپیہ ماہوار الاؤنس بدستور ملیگا۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — سیر سانہ

جناب عالی

ٹریننگ ٹیچر کو برائے معائنہ مدارس مفصلات مامور کر کے دس روپیہ ماہوار الاؤنس ۶ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء تک کے لئے منظور فرمایا گیا تھا۔ بدانست مرتنخواہ مزید ایک سال کے لئے ٹریننگ ٹیچر کا اس کام پر مامور رہنا اور بدستور اسکو دس روپیہ ماہوار الاؤنس ملنا مناسب ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

مستقلی

۱۸ اپریل ۱۹۲۶ء

مثنہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مشعر اسکے کہ سید عماد الدین ایم-اے-ایل-ایل-بی- کا تقرر عارضی ۲ جنوری ۱۹۲۶ء میں بشاہرہ ساٹھ روپیہ ہائی اسکول میں ہوا تھا۔ مدت ایک سال گزر گئی بشاہرہ اسی روپیہ ماہانہ مستقل فرمایا جائے اور ایکسو روپیہ تک ترقی دیجائے۔ بانڈ بھی چار سال کا لے لیا جائے۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ سید عماد الدین ایم-اے-ایل-ایل-بی کا تقرر مستقل ۲۳ اپریل ۱۹۲۶ء سے بشاہرہ اسی روپیہ ماہوار منظور رہی۔ پانچ روپیہ سالانہ اضافہ دیا جائے یہانتک کہ ایکسو تنخواہ ہو جائے۔ بانڈ چار سال کا لے لیا جائے۔ احکام جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

بحالی

۱۹ اپریل ۱۹۲۶ء

مثنہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس دربارہ بحالی رتن لال سب انسپکٹر

حکم

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ سے رتن لال سب انسپکٹر پولیس مامورہ بکار خزانچی بحال کیا جاتا ہے۔ اگر آیندہ کوئی شکایت ہوئی تو نہایت سخت سزا دیجائیگی۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۱۹ اپریل ۱۹۲۶ء

مثنہ رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت پندرہ یوم ہلتہ افسر صاحب دئے جانے کام متعلقہ رخصتی مثل فوج وغیرہ از اہلکار میونسپلٹی دیئے جانے تحریر برای سرانجام

کام فن ڈاکٹری بخدمت چیف میڈیکل افسر صاحب۔

حکم

حسب سفارش صاحب ملٹری سکریٹری بہادر رخصت پندرہ یوم ہلتہ مذکور منظور ہو کر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۰ اپریل ۱۹۲۶ء

بلاحظہ کاغذات رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس معروضہ ۲۸ اپریل ۱۹۲۶ء مشمولہ ۱۰ اپریل ۱۹۲۶ء دربارہ شکایت محمود شاہ خان سب انسپکٹر دوم کوتوالی بابت چلنی و سیل مت از خفیہ فروشان و عادی و قماری و کام چور وغیرہ در استدعا برخاستگی سب انسپکٹر مذکور بجرم مذکور۔

حکم ہوا کہ

چونکہ محمود شاہ خان سب انسپکٹر کی شکایتیں کثیر ہیں اور یہ معاملہ مدت سے پڑا ہوا ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ برخاستگی کی رپورٹ کرتے ہیں۔ لہذا سب انسپکٹر موصوف برخاست کیا جاوے۔ اور انکی جگہ کیواسطے امتحان ہونیکے بعد سے ہوگا۔ مثل برآمدہ بعد اجراے احکام ضابطہ سررشتہ پولیس کو رسل ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۰ اپریل ۱۹۲۶ء

وغیرہ کے متعلق ابتک کوئی ریاست میں قانون نہیں ہے۔ اس لئے فی الحال حسب ایماے بندگان عالی دام اقبالہم وحکم ایکٹ نمبر ۳ ۱۸۶۷ء کے موافق کارروائی کیجائے۔

اور ایکٹ نمبر ۳ قمار بازی ۱۸۶۷ء کی کارروائی جملہ ملازمان ہر تحصیل و تھانہ علاقہ میں کرنا چاہیے بعض ایسیات جنہیں قانون قمار بازی کی پابندی نہیں ہے آج سے ہوگی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا براے اطلاع عام درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۰ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

بسلسلۂ انتظام ملازمان پولیس ۱۲ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء کو مفصل احکام تبادلہ و برخاستگی و اضافہ وغیرہ انسپکٹران و سب انسپکٹران پولیس جاری ہو چکے ہیں روبکار سابقہ میں سب انسپکٹران کی بابت حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے۔

۱ - خانصاحب سعادت علیخان سب انسپکٹر ملک سیدی نائب کوتوال کو پانچ روپیہ اضافہ دیا گیا ہے۔ چونکہ انکا گریڈ ختم ہو چکا ہے۔ اور انکے خدمات پسندیدہ ہیں اسلئے یہ پانچ روپیہ انکو بشمول الاونس نائب کوتوالی بجائے دس روپیہ کے یوم اضافہ سے ۲۰ ماہوار ملینگے۔ بصورت خاص یہ الاونس خانصاحب سعادت علیخان کے لئے ہے۔

۲ - ضامن علی سب انسپکٹر متعینہ سررشتہ کورٹ کو پانچ روپیہ ماہوار اضافہ دیا گیا ہے۔ یہ اضافہ بھی الاونس شمار ہوگا۔ اسلئے کہ سب انسپکٹر انکا گریڈ تنزلی دس روپیہ کا ہے اور سررشتہ کورٹ سے کوئی الاونس انکا نہیں ہے اور انکے خدمات عمدہ ہیں۔ اسلئے الاونس منظور کیا گیا۔

۳ - شبیر حسین سب انسپکٹر گنج سبد کیمری کا تنزل پانچ روپیہ کا کیا گیا تھا جو حسب گریڈ پولیس دس روپیہ کا ہونا چاہئے۔ لہذا یوم تنزل سے دس روپیہ ماہوار محسوب ہونگے۔ اور انچارج کیمری کا کوئی الاونس انکو نہیں ملیگا۔ بصورت خاص انکو ہدایت مقصود ہے۔ اوروں کے لئے نظیر نہیں۔

۴ - ہیڈ کانسٹبلان جنکی شکایتیں از حد ہیں اور شیٹ رول بھی خراب ہیں یا جو بالکل ناکارہ ہیں۔ فی الحال حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے۔

۱ - شمبو دیال ہیڈ کانسٹبل متعینہ تھانہ گنج مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار برخاست کیا جائے۔
۲ - سید سلطان حسین ہیڈ کانسٹبل متعینہ کوتوالی مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار برخاست کیا جائے۔
۳ - رضا علیخان ہیڈ محرر حوالی شہر مشاہرہ دار پندرہ روپیہ کا ایک درجہ تنزل معہ پانچ روپیہ ماہوار کے کیا جائے۔
۴ - کالکا پرشاد ہیڈ محرر متعینہ تھانہ سوار مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ ماہوار مع ایک درجہ کے تنزل کیا جائے۔
۵ - محمود علیخان ہیڈ محرر شاہ آباد کا گریڈ توڑ کر بجائے ۲۰ کے ۱۵ کئے گئے۔
۶ - حمید اللہ ہیڈ کانسٹبل مانڈہ مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار کا پانچ روپیہ مع گریڈ کے تنزل کیا جائے۔
۷ - حبیب الرحمن خان ہیڈ کانسٹبل کیمری مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار برخاست کیا جائے۔
۸ - ثناء اللہ خان ہیڈ کانسٹبل چوکی مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار کا پانچ روپیہ مع درجہ کے تنزل کیا جائے۔
۹ - شبیر حسین خان ہیڈ کانسٹبل متعینہ لین پولیس مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار بوجہ بدچلنی برخاست کیا جائے۔
۱۰ - علاء الدین خان ہیڈ کانسٹبل لین پولیس مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار بوجہ بدچلنی برخاست کیا جائے۔
۱۱ - رامادین ہیڈ محرر لین پولیس مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار برخاست کیا جائے۔
۱۲ - نذیر احمد خان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار برخاست کیا جائے متعینہ لین پولیس

لہذا حکم ہوا

حسب صراحت متذکرۂ صدر احکام ضابطہ جاری ہو کر اصل روبکار صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس بغرض عملدرآمد مرسل ہو۔ اور لکھا جائے کہ بعد امتحان خلوئے جگہ کے لئے درجہ بندی کے لحاظ سے رپورٹ انتظامی پیش کریں۔ امتحان کی تاریخ اجلاسی مقرر ہوگی۔ امتحان ہمارے سامنے ہوگا۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر حاکم صاحب جہد بابتہ منظوری رخصت مزید پندرہ یوم سید حسین امید علم ساکن از ۵ ر اپریل سنہ حال بضرورت شرکت شادی ہمشیرہ زادہ مع رپورٹ ناظر صدر

حکم

رخصت مزید پندرہ یوم بانتظام سابقہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۱۰ ر اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

چونکہ غلام حضرت خان مدرس اول مدرسہ ... نے ملازمت کی اور انکو مزید امتحان رخصت کا نہیں ہے لہذا نامبردہ برخاست کیا گیا۔ اور مدرسہ ... ہیں سید ... پندرہ روپیہ ... برائے چند ماہ مدرس اول مقرر کیا گیا۔ یکم اپریل سے عملدرآمد ہوگا۔ بنابران حکم ہوا کہ نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ۲۵ اپریل لغایتہ ۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ سیر	۷۰ سیر	۸ سیر	۷۰ سیر	۸ سیر	۷۰ سیر	
نخود خالص	۸ سیر	۸ سیر	۱۰ سیر	۸۰ سیر	۹ سیر	۸۰ سیر	
نخود کسہ آمیز	۸۰ سیر	۸ سیر	۱۱ سیر	۱۱ سیر	۹۰ سیر	۹ سیر	
کسر	۹ سیر	۸۰ سیر	۱۰۰ سیر	۱۱ سیر	۱۰ سیر	۱۰ سیر	
ماش	۵۰ سیر	۵۰ سیر	۵۰ سیر	۵ سیر	۵ سیر	۵۰ سیر	
مونگ	۵ سیر	۴۰ سیر	۰	۴۰ سیر	۰	۵ سیر	
مکا	۹ سیر	۰	۹ سیر	۱۰ سیر	۱۰۰ سیر	۹ سیر	
جئی	۱۰ سیر	۱۰ سیر	۱۱ سیر	۱۰۰ سیر	۱۱۱ سیر	۱۱ سیر	
عدس	۷ سیر		۸۰ سیر	۷ سیر	۸ سیر	۰	
ارہر	۶ سیر	۷ سیر	۰	۷ سیر	۸ سیر	۰	
برنج	۵ سیر	۴۰ سیر و ۵	۵ سیر	۵۰ سیر	۵ سیر	۵ سیر	
روغن زرد	پونے آٹھ چھٹانک	۸ چھٹانک	۸ چھٹانک	۱۰ سیر	۱۰ سیر	۱۰ سیر	
روغن سیاہ	۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۰ سیر	۱۱ سیر	۱۰ سیر	۱۰ سیر	
روغن کنجد	۱ سیر	۱۱ سیر	۱۱ سیر	۰	۱ سیر	۱ سیر	
نمک سانبھر	۱۲ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۲ سیر	
نمک لاہوری	۶ سیر	۸ سیر	۶ سیر	۰	۰	۸ سیر	
قند سیاہ	۷ سیر	۵۰ سیر	۶۰ سیر	۶۰ سیر	۷ سیر	۶ سیر	
باجرہ	۷۰ سیر	۰	۰	۰	۰	۸ سیر	
گوجئی	۱۰۰ سیر	۰	۰	۰	۱۱ سیر	۹ سیر	